اس صورت نوں میں جان آکھاں
جان آکھاں کہ جان جہاں آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی میں شان آکھاں
جس شان توں شاناں سب بنیاں
چہرہ والضحیٰ تیرا چہرہ والضحیٰ
سُبحَانَ اللّٰہ مَا اَجمَالَکَ مَا اَحسَنَکَ مَا اَکمَلَک
کتھے مہر علی کتھے تری ثناء مشتاق آکھیاں کتھے جالڑیاں

marfat.com

چہرہ والضحیٰ تیرا چہرہ والضحیٰ

شاناں تیریاں میں کی دساں شاناں بلے بلے
ساری دنیا تیری دل تکدی رب تکدا تیرے ولے
چہرہ والضحیٰ تیرا چہرہ والضحیٰ

☆☆☆

رُباعی

کملی والا آقا ﷺ تو دو جہاں کا والی ہے
وہی ایک داتا ہے ہر کوئی سوالی ہے
ناز ہے مزمل کو ان سے اعلیٰ نسبت پر
فخر ہے کہ محشر کو سر پہ کملی کالی ہے

marfat.com

پیارے محمد ﷺ آئے

نور مجسم رحمت عالم پیارے محمد ﷺ آئے
نور مجسم رحمت عالم پیارے محمد ﷺ آئے
پیارے آقا ﷺ کی آمد پرنور کے بادل چھائے
بولو حق نبی ﷺ بولو حق نبی ﷺ

آئی آئی صبح بہاراں نور ہی نور ہے چھایا
پھول کھلے خوشیاں جاگیں ہر منظر مسکرایا
دور ہوا ایک زمانہ دیپ جلے خوشیوں کے
پیارے آقا ﷺ کی رحمت کے چھائے ہم پر سائے

بارہ ربیع النور کو آئے ہیں نور یزدانی
سندر سندر دھرتی ساری امر ہے نورانی
ٹوٹ گئی زنجیر الم کی ہر جانب ہے شادی
نام ورد ہے آج منور جھنڈے ہیں لہرائے

عبداللہ کے نور نظر جب نور کا جھولا جھولیں
چاند کھلونا نور خدا کا جب وہ چاند سے کھیلیں
لوری دے دو جگ کا والی سو جا رحمت والے
حوریں گائیں نغمہ اور جھولا جبرائیل جھولائے

صبح ازل چہرے کی ضیاء سے روشن ہیں دل سارے
دیکھ کے زلفیں میرے نبی ﷺ کی رات بھی شرما جائے
حسن یوسف جن پہ شیدا ہو میرے نبی ﷺ ہیں ایسے
خالق نے کل عالم ہیں مہکائے بولو حق نبی ﷺ

marfat.com

لب پہ آیا عظمت والا نام محمد ﷺ جب بھی
قسم خدا کی دل کی حالت چین سکون نہیں بدلی
رم جھم رب کی رحمت شام سویرے برسائے
اس دیوانے پہ جو آنکھوں سے یہ نام جگائے
بولو حق نبی ﷺ بولو حق نبی ﷺ
بولو حق نبی ﷺ بولو حق نبی ﷺ

☆☆☆

marfat.com

مجھ کو دنیا کی دولت نہ زر چاہیے

مجھ کو دنیا کی دولت نہ زر چاہیے
شاہ کوثر کی میٹھی نظر چاہیے

ہاتھ اٹھتے ہی برآئے ہر مدعا
وہ دعاؤں میں مولیٰ اثر چاہیے

عاشقانِ نبی ﷺ کے دل کی صدا
سبز گنبد کے سائے میں گھر چاہیے

ذوق بڑھتا رہے اشک بہتے رہیں
مضطرب قلب اور چشم تر چاہیے

رات دن عشق میں تیرے تڑپا کروں
یانبی ﷺ ایسا سوز جگر چاہیے

یاخدا جسم سے جان جب ہو جدا
جلوۂ یار پیشِ نظر چاہیے

ہم غریبوں کو روضے پہ بلوایئے
راہِ طیبہ کا زادِ سفر چاہیے

اپنے عطار پر ہو کرم بار بار
اذنِ طیبہ کا بادِ دِگر چاہیے

☆☆☆

marfat.com

یانبی ﷺ مجھ کو مدینے میں بلانا بار بار

یانبی ﷺ! مجھ کو مدینے میں بلانا بار بار
بار بار آؤں بنے آخر مدینے میں مزار

ہیں ہوائیں مہکی مہکی تو فضائیں خوشگوار
ذرہ ذرہ ہے مدینے کا یقیناً نور بار

کاش! جب آؤں مدینے خوب طاری ہو جنوں
ہو گریباں چاک سینہ دامن تار تار

بدگمانی، بدکلامی، بدنگاہی کا مرض
دور کر دیجئے خدارا اے طبیب ذی وقار

جو ترپتے ہیں مدینے کی زیارت کیلئے
ان کو بھی آقا ﷺ دکھا دیجئے مدینے کی بہار

ہو مدینہ ہی مدینہ ہر گھڑی ورد زباں
بس مدینہ ہی کی ہو تکرار لب پہ بار بار

ہو مرا سینہ مدینہ تاجدار انبیا ﷺ
دل میں بس جائے ترا جلوہ شہ ﷺ عالی وقار

کچھ تو کر احساس بھائی چھوڑ نافرمانیاں
کہ غم امت کئے دیتا ہے ان ﷺ کو اشکبار

چھوڑ انگریزی طریقے اور فیشن چھوڑ دے
بھائی کرے سنتوں سے خوب رشتہ استوار

عرصہ محشر میں آقا ﷺ لاج آپ ﷺ ہی
دامن عطار ہے سرکار ﷺ بے حد داغدار

☆☆☆

marfat.com

مدینے جب میں پہنچوں

مدینے جب میں پہنچوں کاش ایسا کیف طاری ہو
کہ روتے روتے گر جاؤں میں غش کھا کر مدینے میں

نقاب رخ الٹ جائے تیرا جلوہ نظر آئے
جب آئے کاش! تیرا سائل بے پر مدینے میں

جو تیری دید ہو جائے تو میری عید ہو جائے
غم اپنا دے مجھے ''عیدی'' میں بلوا کر مدینے میں

مدینے جوں ہی پہنچا اشک جاری ہو گئے میرے
دم رخصت بھی رویا ہچکیاں بھرکرمدینے میں

جدائی کی گھڑی عاشق پر بے حد شاق ہوتی ہے
وہ روتا ہے تڑپ کر ہچکیاں بھرکر مدینے میں

کہیں بھی سوز ہے دنیا کے گلزاروں میں باغوں میں
فضا پرکیف ہے لو دیکھ لو آکر مدینے میں

وہاں اک سانس مل جائے یہی ہے زیست کا حاصل
وہ قسمت کا دھنی ہے جو گیا دم بھر مدینے میں

مدینہ جنت الفردوس سے بھی ہے فزوں تر کہ
رسول ﷺ پاک کا ہے روضہ انور مدینے میں

چوکھٹ پر ان کی رکھ کے سر قربان ہو جائیں
حیات جاودانی پائیں گے مر کرمدینے میں

مدینہ میرا سینہ ہو میرا سینہ مدینہ ہو
مدینہ دل کے اندر ہو دل مضطر مدینے میں

marfat.com

عطار سے محبوب کی سنت کی لے خدمت
ڈنکا یہ تیرے دین کا دنیا بھی بجا دے
اللہ ملے حج کی اسی سال سعادت
عطار کو پھر روضے محبوب ﷺ رکھا دے

گناہوں کی نہیں جاتی ہے عادت یارسول اللہ ﷺ

گناہوں کی نہیں جاتی ہے عادت یارسول اللہ ﷺ
تمہی اب کچھ کرم کردو ماہ رسالت یارسول اللہ ﷺ

گناہوں سے مجھے ہو جائے نفرت یارسول اللہ ﷺ
نکل جائے بری ہر ایک خصلت یارسول اللہ ﷺ

گناہ کر کے ہائے ہو گیا دل سخت پتھر سے
کروں کس سے کہاں جا کر شکایت یارسول اللہ ﷺ

میں بچنا چاہتا ہوں ہائے پھر بھی بچ نہیں پاتا
گناہوں کی پڑی ہے ایسی عادت یارسول اللہ ﷺ

گناہ لمحہ بہ لمحہ اب بڑھتے ہی جاتے ہیں
نہیں ہے اس پہ ہائے کچھ ندامت یارسول اللہ ﷺ

کمر اعمال بد نے میری توڑ کر رکھ دی
تباہی سے بچا لو جان رحمت یارسول اللہ ﷺ

☆☆☆

marfat.com

حاجیوں کے بن رہے ہیں قافلے پھر یا نبی ﷺ

حاجیوں کے بن رہے ہیں قافلے پھر یا نبی ﷺ
پھر نظر میں پھر گئے حج کے مناظر یا نبی ﷺ

کر رہے ہیں جانے والے حج کی اب تیاریاں
رہ نہ جاؤں میں کہیں کردو کرم پھر یا نبی ﷺ

آہ پلے زر نہیں رخصت سفر سرور ﷺ نہیں
تم بلالو تم بلانے پر ہو قادر یا نبی ﷺ

غم کے بادل چھا رہے ہیں آہ! میرے قلب پر
حاضری کی دو اجازت مجھ کو تم پھر یا نبی ﷺ

کس طرح تسکین دوں گا میں دل غمگین کو
رہ گیا گر حاضری سے میں جو قاصر یا نبی ﷺ

مجھ پہ کیا گزرے گی آقا ﷺ اس برس گر رہ گیا
میرا حال دل تو ہے سب تم پہ ظاہر یا نبی ﷺ

جو مدینے کیلئے رہتے ہیں آقا ﷺ بے قرار
ان کو بلواؤ طفیل عبد قادر یا نبی ﷺ

☆☆☆

marfat.com

گھٹائیں غم کے چھائیاں دل پریشاں یارسول اللہ ﷺ

گھٹائیں غم کے چھائیاں دل پریشاں یارسول اللہ ﷺ
تمہیں ہو میرے دردِ غم کا درماں یارسول اللہ ﷺ
نگاہ لطف و رحمت کا ہوں خواہاں یارسول اللہ ﷺ
مری سب مشکلیں ہو جائیں آساں یارسول اللہ ﷺ
مناظرِ بے وفا دنیا کے ہوں سب دور نظروں سے
تصور میں رہیں طیبہ کی گلیاں یارسول اللہ ﷺ
تیرے دیدار کا طالب لگائے آس بیٹھا ہوں
خدارا اب دکھا دے روئے تاباں یارسول اللہ ﷺ
سنہری جالیاں ہوں آپ ہوں اور مجھ سا عاصی ہو
ملے سینے سے سینہ جان جاناں یارسول اللہ ﷺ
نہیں حسنِ عمل کوئی مرے اعمال نامے میں
تیری رحمت میری بخشش کا ساماں یارسول اللہ ﷺ
مدینے میں شہا عطار کو دوگز زمیں دیدے
وہیں ہو دفن یہ تیرا ثناخواں یارسول اللہ ﷺ

پڑوسی خلد میں عطار کو اپنا بنا لیجئے
جہاں ہیں اتنے احساں اور احساں یارسول اللہ ﷺ

☆☆☆

marfat.com

اُن کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں

اُن کی مہک نے دل کے غنچے کھلا دیئے ہیں
جس راہ چل گئے ہیں کوچے بسا دیے ہیں
جب آ گئی ہیں جوشِ رحمت پہ اُن کی آنکھیں
جلتے بجھا دیے ہیں روتے ہنسا دیے ہیں
اک دل ہمارا کیا ہے آزار اِس کا کتنا
تم نے تو چلتے پھرتے مُردے جلا دیے ہیں
اُن کے نثار کوئی کیسے ہی رنج میں ہو
جب یاد آ گئے ہیں سب غم بھلا دیے ہیں
ہم سے فقیر بھی اب پھیری کو اُٹھتے ہوں گے
اب تو غنی کے در پر بستر جما دیے ہیں
اسرا میں گزرے جس دم بیڑے پہ قدسیوں کے
ہونے لگی سلامی پرچم جھکا دیے ہیں
آنے دو یا ڈبو دو اب تو تمہاری جانب
کشتی تمہیں پہ چھوڑی لنگر اُٹھا دیے ہیں
دولہا سے اتنا کہہ دو پیارے سواری روکو
مشکل میں ہیں براتی پرخار با دیے ہیں
اللہ کیا جہنم اب بھی نہ سرد ہو گا
رو رو کے مصطفیٰ ﷺ نے دریا بہا دیے ہیں
میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیے ہیں دُر بے بہا دیے ہیں
ملکِ سخن کی شاہی تم کو رضا مسلم
جس سمت آ گئے ہو سکے بٹھا دیے ہیں

marfat.com

میرا دل تڑپ رہا ہے

میرا دل تڑپ رہا ہے میرا جل رہا ہے سینہ
کہ دوا وہیں ملے گی مجھے لے چلو مدینے
تصویرِ مصطفیٰ ﷺ نظر آ رہی ہے دل میں
میں سوچتا ہوں دل میں میرا دل ہے یا مدینہ
شب و روز بڑھ رہی ہے میری تشنگی کا یہ عالم
میری پیاس کب بجھے گی میرے ساتھ یہ مدینہ
نہیں مال و زر تو کیا ہے میں غریب ہوں یہی نا
میرا عشق مجھ کو لے چل تو ہی جانب مدینہ
راشد ناتواں کی بس ایک ہی التجاء ہے
رہے زندگی سلامت میں بھی دیکھ لوں مدینہ
میرا دل تڑپ رہا ہے میرا جل رہا ہے سینہ
کہ دوا وہیں ملے گی مجھے لے چلو مدینہ

☆☆☆

marfat.com

بلالو پھر مجھے اے شاہ بحر و بر مدینے میں

بلالو پھر مجھے اے شاہ بحر و بر مدینے میں
میں پھر روتا ہوا آؤں تیرے در پر مدینے میں

میں پہنچوں کوئے جاناں میں گریباں چاک سینہ چاک
گرا دے کاش مجھ کو شوق تڑپا کر مدینے میں

مدینے جانے والو جاؤ جاؤ فی امان اللہ
کبھی تو اپنا بھی لگ جائیگا بستر مدینے میں

سلام شوق کہنا حاجیو میرا بھی رو رو کر
تمہیں آئے نظر جب روضہ انور مدینے میں

پیام شوق لیتے جاؤ میرا قافلے والو
سنانا داستان غم مری رو رو کر مدینے میں

مرا غم بھی تو دیکھو میں پڑا ہوں دور طیبہ سے
سکوں پائے گا بس میرا دل مضطر مدینے میں

نہ ہو مایوس دیوانو پکارے جاؤ تم ان کو
بلائیں گے تمہیں بھی ایک دن سرکار ﷺ مدینے میں

بلالو ہم غریبوں کو بلالو یارسول اللہ ﷺ
تمہیں ہو واسطہ شبیرؓ و شبر فاطمہؓ حیدرؓ مدینے میں

خدایا واسطے دیتا ہوں تجھ کو غوث اعظمؒ کا
دکھا دے سبز گنبد کا حسین منظر مدینے میں

وسیلہ تجھ کو بو بکر و عمرؓ عثمان و حیدر کا
الٰہی تو عطا کردے ہمیں بھی گھر مدینے میں

marfat.com

میں تبلیغ سنتا تو جہاں رکھے مگر اے کاش!
میں خوابوں میں پہنچتا ہی رہوں اکثر مدینے میں
نہ دولت دے نہ ثروت دے مجھے بس یہ سعادت دے
تیرے قدموں میں مر جاؤں میں رو رو کر مدینے میں
عطا کردو عطا کردو بقیع پاک میں مدفن
لحد بن جائے میری یا شہ کوثر مدینے میں
مدینہ اس لئے عطار جان و دل سے ہے پیارا
کہ رہتے ہیں میرے آقا ﷺ میرے دلبر مدینے میں

یارب محمد ﷺ میری تقدیر چمکا دے

یا رب محمد ﷺ میری تقدیر چمکا دے
صحرائے مدینہ مجھے آنکھوں سے دکھا دے
پیچھا مرا دنیا کی محبت سے چھڑا دے
یا رب مجھے دیوانہ مدینے کا بنا دے
دل عشق محمد ﷺ میں تڑپتا رہے ہر دم
سینے کو مدینہ میرے اللہ بنا دے
بہتی رہے ہر وقت جو سرکار ﷺ کے غم میں
روتی ہوئی وہ آنکھ مجھے میرے خدا دے
ایمان پہ دے موت مدینے کی گلی میں
مدفن میرا محبوب ﷺ کے قدموں میں بنا دے
ہو بہر ضیاء نظر کرم سوئے گنہگار
جنت میں پڑوسی مجھے آقا ﷺ کا بنا دے
دیتا ہوں تجھے واسطہ میں پیارے نبی کا
امت کو خدا یا راہ سنت پہ چلا دے

marfat.com

اب میری نگاہوں میں جچتا نہیں کوئی

اب میری نگاہوں میں جچتا نہیں کوئی
جیسے میری سرکار ﷺ ہیں ایسا نہیں کوئی

تم سا تو حسیں آنکھ نے دیکھا نہیں کوئی
کیا شان لطافت ہے کہ سایہ نہیں کوئی

اے ظرف نظر دیکھ، مگر دیکھ ادب سے
سرکار ﷺ کا جلوہ ہے تماشا نہیں کوئی

ہوتا ہے جہاں ذکر محمد ﷺ کے کرم کا
اس بزم میں محروم تمنا نہیں کوئی

اعزاز یہ حاصل ہے تو حاصل ہے زمیں کو
افلاک پہ تو گنبد خضریٰ نہیں کوئی

سرکار ﷺ کی رحمت نے مجھے خوب نوازا
یہ سچ ہے کہ خالدؔ سا نکما نہیں کوئی

☆☆☆

marfat.com

آمدِ رمضان ہے

غل اٹھا ہے چار سو پھر آمد رمضان ہے
کھل اٹھے مرجھائے دل تازہ ہوا ایمان ہے

یا خدا ہم عاصیوں پر یہ بڑا احسان ہے
زندگی میں پھر عطا ہم کو کیا رمضان ہے

تجھ پہ صدقے جاؤں رمضان تو عظیم الشان ہے
کہ خدا نے تجھ میں ہی نازل کیا قرآن ہے

ابر رحمت چھا گیا ہے اور سماں ہے نور نور
فضل رب سے مغفرت کا ہوگیا سامان ہے

سنتیں سب چوم کر اپنائے جاؤ بھائیو
خلد کے در کھل گئے ہیں داخلہ آسان ہے

روزہ دارو جھوم جاؤ کیونکہ دیدار خدا
خلد میں ہوگا تمہیں سے وعدہ رحمٰن ہے

دو جہان کی نعمتیں ملتی ہیں روزہ دار کو
جو نہیں رکھتا ہے روزہ وہ بڑا نادان ہے

ایک روزہ جو قضا کر دے سنو نو لاکھ سال
وہ جہنم میں جلے سرکار ﷺ کا فرمان ہے

یا الٰہی تو مدینے میں کبھی رمضان دیکھا
مدتوں سے دل میں یہ عطار کے ارمان ہے

☆☆☆

marfat.com

الوداع اے ماہِ رمضان الوداع

الوداع اے ماہ رمضان الوداع
الوداع اے جان ایمان الوداع

تیری راتوں کی عبادت بھی ملی
تیری صبحوں کی مسرت بھی ملی

بھوک میں رہ رہ کے لذت بھی ملی
اور پھر فرماں کی دولت بھی ملی

تیری آمد سے ہمیں عزت ملی
دین و دنیا کی ہمیں عظمت ملی

میری عزت تیری عظمت پر نثار
میری ایماں تیری شوکت پر نثار

تیری گرد راہ تاج اولیاء
تیرا ذکر خیر جان اصفیا

سال بھر تیرا رہے گا انتظار
ہم کو تڑپا رہے کا تیرا پیار

الوداع اے ماہ رمضان الوداع
الوداع اے جان ایمان الوداع

☆☆☆

marfat.com

اللہ دا نام لئے

اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
اک پل نہ غافل ہوئے صبح تے شام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
ہر شے دا خالق اللہ مالک تے رازق اللہ
اوہدی عبادت کریئے اوس توں انعام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
مشکل نوں ٹالن والا سب نوں اوہ پالن والا
بن کے ہمیشہ اس دے سچے غلام رہیئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
نبیاں دا ناصر اللہ ولیاں دا رہبر اللہ
نبیاں دی راہ تے عالی مقام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
دامن ولیاں دا پھڑیئے اللہ نوں راضی کریئے
قائم توحیدی میخانے چوں بھر بھر کے جام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے
اللہ دا نام لئے مولا دا نام لئے

☆☆☆

marfat.com

تیرا کھاواں میں تیرے گیت گاواں یارسول اللہ ﷺ

تیرا کھاواں میں تیرے گیت گاواں یارسول اللہ ﷺ
تیرا میلاد میں کیوں نہ مناواں یارسول اللہ ﷺ
حلیمہؓ کلی نوں ویکھے کدی سرکار ﷺ ول دیکھے
میں کیہڑی سیج تیرے لئی وچھاواں یارسول اللہ ﷺ
جگاوٗ بھاگ میرے وی ابو ایوبؓ دے وانگوں
مقدر اس دا میں کیتھوں لیاواں یارسول اللہ ﷺ
میں کج وی نہیں جے تیرے نال میری کوئی نسبت نہیں
میں سب کجھ ہاں جے میں تیرا سداواں یارسول اللہ ﷺ
میرا دل وی اے چاہندا اے میری گھر وی تسی آوٗ
تیری راہوں دے وچ پلکاں وچھاواں یارسول اللہ ﷺ

کوئی تعریف ہوئے اس سوہنے دی ظہوری تھیں
قلم جامیؒ دا میں کیتھوں لیاواں یارسول اللہ ﷺ

☆☆☆

marfat.com

ساڈے دل سوہنیا نگاہوں کدوں ہونیاں

ساڈے دل سوہنیا نگاہوں کدوں ہونیاں
دسو منظور اے دعاواں کدوں ہونیاں

اک اک ذرے وچ رکھیاں شفاواں نیں
بوسے تیرے قدماں نوں دتے جناں راہواں نیں

ساڈیاں نصیباں وچ اوہ راہواں کدوں ہونیاں
ساڈے دل سوہنیا نگاہواں کدوں ہونیاں

رو رو ساری عمر جدائیاں وچ گالی اے
ہن سادی زندگی دی شام ہون والی اے

معاف ماہی ساڈیاں خطاواں کدوں ہونیاں
ساڈے دل سوہنیا نگاہواں کدوں ہونیاں

تکھیاں جدائیاں دیاں دھوپاں دل ساڑیا
اپنی گل دس دے خدائی دیا لاڑیا

دھوپاں کدوں مکنیاں تے چھاواں کدوں ہونیاں
ساڈے دل سوہنیا نگاہواں کدوں ہونیاں

آقا ﷺ ایہو سدراں نیں سینے وچ پالیاں
چماں گا میں جا کے کدوں روضے دیاں جالیاں

نجمؔ اوتے تیریاں عطاواں کداں ہونیاں
ساڈے دل سوہنیا نگاہواں کداں ہونیاں

☆☆☆

marfat.com

طٰہٰ دی شان والیا

طٰہٰ دی شان والیا عرشاں تے جان والیا
کیہڈا سوہنا نام تیرا اچا ہے مقام تیرا
سچا ہے کلام تیرا آئیاں سنان والیاں
عرشاں تے جان والیا طٰہٰ دی شان والیا
تذکرے نے عام تیرے ہندے صبح وشام تیرے
بادشاہ غلام تیرے قسمتاں جگان والیا
عرشاں تے جان والیا طٰہٰ دی شان ولیا
طٰہٰ دی شان والیا عرشاں تے جان والیا
شان تیری بلے بلے رب دی سلام گھلے
دشمناں دے پیراں تھلے چادراں وچھان والیا
عرشاں تے جان والیا طٰہٰ دی شان والیا
طٰہٰ دی شان والیا عرشاں تے جان والیا
دور میری دوری ہووے دل دی آس پوری ہووے
حاضری ظہوریؔ ہووے روضے تے بلان والیا
عرشاں تے جان والیا طٰہٰ دی شان والیا
طٰہٰ دی شان والیا عرشاں تے جان والیا

☆☆☆

marfat.com

میرا مدنی آقا ﷺ دکھی دلاں دا سہارا

میرا مدنی آقا ﷺ دکھی دلاں دا سہارا
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا

دساں کی میں مصطفیٰ ﷺ دی کڈی اوچی شان اے
آپ ﷺ دی تعریف وچ سارا ای قرآن اے
پڑھ کے تو ویکھ جیہڑا مرضی سپارہ
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا

کہندی اے حلیمہؓ مکھ ویکھ لجپال دا
لب کے لیاواں کتھوں سوہنا تیرے نال دا
چودھویں دا چن تے عرشاں دا تارا
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا

کر کے اشارہ سوہنا سورج نوں موڑ دا
آپے چن توڑ دا تے آپے چن جوڑ دا
بگڑی بناوے میرے نبی ﷺ دا اشارہ
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا

ایڈا سوہنا نبی ﷺ کوئی دنیا تے آیا نہیں
یاراایہو جیا کوئی رب نے بنایا نہیں
دید میرے نبی ﷺ دی اے رب دا نظارہ
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا

دیندے نے گواہی ذرے ذرے کوہ طور دے
ویکھ دے نصیباں والے جلوے حضور ﷺ دے
آمنہؓ دا چن تے حلیمہؓ دا دلدارا
قسم خدا دی مینوں سب نالوں پیارا

marfat.com

جس نے مدینے جاناں

جس نے مدینے جاناں کر لو تیاریاں
بیڑا مدینے والا لیندا پیا تاریاں

حاجیاں نیں اٹھ سویرے بہہ کے روضے دے نیڑے
رو رو کے سوہنے اگے عرضاں گزاریاں

حاجیاں نیں چمی جالی جالی اوکرماں والی
لکھ پہرے داراں بھاویں چھڑیاں نیں ماریاں

اوتھے نیں ٹھنڈیاں چھاواں دل کش مخمور ہواواں
کھلیاں بہشتاں دیاں جیویں سب باریاں

کعبے دے گرد گھمیے روضے دی جالی چمیے
تک آئیے جنت دیاں نالے کیاریاں

سوہنے نوں راضی کریئے رحمت دی جھولی بھریئے
پلکاں دے نال دیئے تھاں تھاں بہاریاں

رب دا حبیب ﷺ اوتھے سب دا طبیب اوتھے
ہندیاں مدینے جا کے دور بیماریاں

صدمے کیوں ہجر دے سہیئے اتھے اک پل نہ رہیئے
چلیے جے وس تے جایئے مار اڈاریاں

درتوں نہ کدی ہٹاوے چکڑ بھریاں گل نال لاوے
طیبہ والے دیاں سب توں پکیاں نیں یاریاں

صورت نورانی جس دی دنیا دیوانی جس دی
کیوں نہ میں جاداں حافظ اس توں بلہاریاں

☆☆☆

marfat.com

میں لج پالاں دے لڑ لگی ہاں

میں لج پالاں دے لڑ لگی ہاں میرے توں غم پرے رہندے
میری آساں امیداں دے سدا بوٹے ہرے رہندے

خیال یار وچ میں مست رہناں ہاں دنیں راتیں
میرے دل وچ سجن وسدا میرے دیدے ٹھرے رہندے

دعا منگیا کرو سنگیو کتھے مُرشد نہ رُس جاوے
جنہاں دے پیر رُس جاندے او جیوندے وی مرے رہندے

کدی وی لوڑ نہیں پیندی مینوں در در تے جاون دی
میں لج پالاں دا منگتا ہاں میرے پلے بھرے رہندے

ایہہ عشق دا آخر تے ترلے نال مکنا ایں
اوہ منزل نوں نہیں پا سکدے جیہڑے بیٹھے گھرے رہندے

نیازؔی مینوں غم کا ہدا میری نسبت ہے لاثانی
کسے دے رہن جو بن کے قسم رب دی ترے رہندے

☆☆☆

marfat.com

لے چل کدی خدایا سرکار ﷺ دے بوہے تے

لے چل کدی خدایا سرکار ﷺ دے بوہے تے
میں وی سناواں دکھڑے غمخوار دے بوہے تے

اکھیاں دے نال چل کے جتھے جاندا اے زمانہ
روح الامین بنیا جیہدے عشق دا نشانہ
بن سنتری کھلونا سردار ﷺ دے بوہے تے
لے چل کدی خدایا سرکار ﷺ دے بوہے تے

کعبے چوں ہو کے جاوٗ سرکار ﷺ دے دوارے
پرنالہ کعبہ والا کردا پیا اشارے
ملدی اے بھیک جا کے دلدار ﷺ دے بوہے تے
لے چل کدی خدایا سرکار ﷺ دے بوہے تے

کھلدے نیں روز جتھے رحمت دے پھل سحرے
عاشق درداں والے کھلدے پرو کے گجرے
خوشبو جیویں ہے رہندی گلزار ﷺ دے بوہے تے
میرے دل تے ہے جو بیتی توں ای حبیب ﷺ جانے
کس نوں سناواں جا کے اپنے غم پرانے
درداں دا لگیا پہرہ بیمار دے بوہے تے
لے چل کدی خدایا سرکار ﷺ دے بوہے تے

ایہو آرزو ہے آقا ﷺ اوہ دن وی کاش آوے
ناصرؔ وی جا کے آپ ﷺ دی نعت سناوے
بیٹھا روے ہمیشہ دربار دے بوہے تے

☆☆☆

marfat.com

آکھیں سوہنے ﷺ نوں وائے نی جے تیرا گزر ہووے

آکھیں سوہنے ﷺ نوں وائے نی جے تیرا گزر ہووے
میں مر کے وی نہیں مردا جے تیری نظر ہووے

دم دم نال ذکر کراں میں تیریاں شاناں دا
تیرے نام توں وار دیاں جنی میری عمر ہووے

دیوانیوں بیٹھو رہوؤ محفل نوں سجاکے تے
شاید میرے آقا ﷺ دا ایتھوں دی گزر ہووے

او کیسیاں گھڑیاں سن مہمان ساں سوہنے دے
دل فیر وی کردا اے طیبہ دا سفر ہووے

کیویں فکر کریں یارا ماسہ وی اگیرے دا
اوہنوں ستے ای خیراں نیں جدا سائیں مگر ہووے

جے جیون دا چا رکھنا تو راہیا مدینے دیا
سوہنے دے دوارے تے مرجاویں جے مرہووے

ایتھو دل وچ نیازی دے اک آس چڑوکی اے
سوہنے ﷺ دے شہر اندر میری وی قبر ہووے

☆☆☆

marfat.com

دنیا تے آئے کوئی تیری نہ مثال دا

دنیا تے آیا کوئی تیری نہ مثال دا
میں لب کے لیاواں کیتھوں تیری نہ مثال دا

چہرا تیرا نور ونڈے ساری کائنات نوں
رب دی درود بھیجے اک تیری ذات نوں
شیدا اے زمانہ تیرے حسن و جمال دا
دنیا تے آیا کوئی تیری نہ مثال دا

مکے رہن والیا مدینے آن والیا
ٹھیڈے کھان والیاں نوں سینے لان والیا
تیرے بناں ڈگیاں نوں کوئی نہ سنبھال دا
دنیا تے آیا کوئی تیری نہ مثال دا

تیریاں تے صفتاں دا کوئی وی حساب نہیں
تو کتھے تیرے تے غلاماں دا جواب نہیں
حوراں نوں تو روپ ونڈیں حبشی بلالؓ دا
دنیا تے آیا کوئی تیری نہ مثال دا

ہو کاپیاں دیواں تیرے سچیاں پیاراں دا
جیوندا ظہوری ناں لے کے تیرے یاراں دا
گولاہاں میں تیرا تیرے در تیری آل دا
دنیا تے آیا کوئی تیری نہ مثال دا

☆☆☆

marfat.com

کلام باہو

(الف) اللہ چنبے دی بوٹی میرے من وچ مرشد لائی ہو
نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہرجائی ہو
اندر بوٹی مشک مچایا جان پھلن تے آئی ہو
جیوے مرشد کامل باہو جیں ایہہ بوٹی لائی ہو

ایمان سلامت ہر کوئی منگے عشق سلامت کوئی ہو
منگن ایمان شرماون عشقوں دل نوں غیرت ہوئی ہو
جس منزل نوں عشق پچاوے ایمان نوں خبر نہ کوئی ہو
میرا عشق سلامت رکھیں باہو ایمانوں دیاں دھرائی ہو

ایہہ تن میرا چشماں ہووے تے میں مرشد دیکھ نہ رجاں ہو
لوں لوں دے مڈھ لکھ لکھ چشماں ہک کھولاں ہک کجا ہو
اتنا ڈٹھیاں مینوں صبر نہ آوے میں ہور کسے ول بھجاں ہو

بغداد شہردی کی اے نشانی اچیاں لمیاں چیراں ہو
تن من میرا پرزے پرزے جیویں درزی دیاں لیراں ہو
ایہناں لیراں دی گل کفن پا کے رلساں سنگ فقیراں ہو
بغداد شہر دے ٹکڑے منکساں باہو کرساں میراں میراں ہو

(ب) بسم اللہ اسم اللہ دا وی گہناں بھارا ہو
نال شفاعت سرور عالم ﷺ چھٹسی عالم سارا ہو
حدوں بے حد درود نبی ﷺ نوں جنید ایڈ پیارا ہو
تہ قربان تنہانتوں باہو جنہاں ملیا نبی ﷺ سوہارا ہو

marfat.com

جو دم غافل سو دم کافر سانوں مرشد ایہہ پڑھایا ہو
سینا سخن گیاں کھل اساں چت مولا ول لایا ہو
کیتی جان حوالے رب دے اساں ایسا عشق کمایا ہو
مرن تو اگے مر گئے باہو تاں مطلب نوں پایا ہو

چڑھ چناں تے کر روشنائی تیرا ذکر کریندے تارے ہو
گلیاں دے وچ پھرن نمانے لعلاندے ونجارے ہو
شالا مسافر کوئی نہ تھیوے ککھ جہاں توں بھارے ہو
تاڑی مار اڑاوناں باہو اساں آپے اُڑن ہارے ہو

دل دریا سمندروں ڈونگے کون دلاں دیاں جانے ہو
وچے بیڑے وچے جھیڑے وچے ونجھ تانے ہو
چوداں طبق دلے دے اندر جتھے عشق تمبو ونج تانے ہو
جو دل دا محرم ہووے باہو سوئی رب پچھانے ہو

سن فریاد پیراں دیا پیرا عرض سنیں کن دھر کے ہو
بیڑا اڑیا میرا وچ کیراندے مجھ نہ بہندے ڈر کے ہو
شاہ جیلانی محبوب سبحانی میری خبر لیو جھٹ کر کے ہو
پیر جنہاندے میراں باہو اوہی کندی لگدے تر کے ہو

میں کوجھی میرا دلبر سوہنا میں کیونکر اس نوں بھانواں ہو
ویہڑے ساڈے وڑدے ناہیں پئی لکھ وسیلے پانواں ہو
ناں میں سوہنی ناں دولت پلے کیوں کر یار مناواں ہو
ایہہ دکھ ہمیشاں رہسی باہو روندڑی ہی مرجانواں ہو

marfat.com

کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے

کی کی نہ کیتا یار نے اک یار واسطے
رب محفلاں سجایاں نے سرکار ﷺ واسطے

دل یاد لئی بنایا اے تعریف لئی زباں
اکھیاں بنایاں سوہنے ﷺ دیدار واسطے

رحمت اوہدی نے لے لیا اپنی پناہ دے وچ
پاہئے جدوں میں سوہنے ﷺ دے دوچار واسطے

صدقہ نبی ﷺ دی آل بخشے خدا شفا
منگو دعاواں میرے جئے بیمار واسطے

کیاں نوں روز ہندے نیں دیدار آپ ﷺ دے
کئی ترسدے سوہنے ﷺ دے دیدار واسطے

گزرے نیازی زندگی عشق نبی ﷺ دے وچ
نعتاں میں پڑھ دا رہواں منھن منٹھار واسطے

marfat.com

سیاں نے مدینے دیاں کیتیاں تیاریاں

سیاں نے مدینے دیاں کیتیاں تیاریاں
آقا ﷺ کدوں آون گیاں ساڈیاں وی واریاں

قدماں تو دور رہ کے اکھیاں رہیاں روندیاں
ہنجواں دے ڈھونے تیری یاد وچہ ڈھوندیاں
اکناں نے کول رہ کے عمراں گزاریاں
سیاں نے مدینے دیاں کیتیاں تیاریاں

تیرے روضے اتے جدوں سوہنیا میں آواں گا
نوری نوری جالی جدوں سینے نال لاواں گا
اودوں دور ہون گیاں سبھے بیقراریاں
سیاں نے مدینے دیاں کیتیاں تیاریاں

دم دم نال مینوں رہندیاں اڈیکاں نے
جدوں تساں سدناں اوہ کہڑیاں تریکاں نے
سدلو مدینے گلاں مک جان ساریاں
سیاں نے مدینے دیاں کیتیاں تیاریاں

مک گئی حیاتی اجے مکیاں نہ دوریاں
توہیوں دس ہون گیاں کدوں منظوریاں
لکھیاں دیاں لکھیاں نوں پچھ پچھ ہاریاں
سیاں نے مدینے دیاں کیتیاں تیاریاں

ساڈا تے نیازی ایہو کم صبح شام دا
دیندے رہناں ہوکا ایس سوہنے دے نام دا
جناں دوجہانیاں دیاں محفلاں شنگاریاں
سیاں نے مدینے دیاں کیتیاں تیاریاں

marfat.com

اج سک متراں دی

اج سک متراں دی ودھیری اے
کیوں دلڑی اُداس گھنیری اے
لوں لوں وچ شوق چنگیری اے
اج نیناں نے لایاں کیوں جھڑیاں

مکھ چند بدر شعشانی اے
متھے چمکے لاٹ نورانی اے
کالی زلف تے اکھ مستانی اے
مخمور اکھیاں ہن مدھ بھریاں

اس صورت نوں میں جان آکھاں
جان آکھاں کہ جان جہاں آکھاں
سچ آکھاں تے رب دی میں شان آکھاں
جس شان توں شاناں سب بنیاں

رھوے صورت شالا پیش نظر
رہے وقت نزع تے روز حشر
وچ قبر تے پل تھیں جد ہوسی گزر
سب کھوٹیاں تھیسن تد کھریاں

لاہو مکھ تھیں مخطط بردیمن
من بھانوری جھلک دکھلا سجن
دوجگ اکھیں راہ دا فرش کراں
سب انس و ملک حوراں پریاں

marfat.com

ایہناں سکدیاں نے کرلاندیاں تے
لکھ واری صدقے جاندیاں تے
اتے بردیاں مفت دکاندیاں تے
شالا آون دت وی اوگ یاں

سبحان اللّٰہ مااجمالک مااکملک مااحسنک
کتھے مہر علی کتھے تیری ثناء گستاخ اکھیاں کتھے جالڑیاں
سبحان اللّٰہ سبحان اللّٰہ سبحان اللّٰہ
سبحان اللّٰہ سبحان اللّٰہ سبحان اللّٰہ

☆☆☆

marfat.com

جو شہر مدینے جائے گا

جو شہر مدینے جائے گا وہ واپس کیسے آئیگا
جب بچھڑے گا مر جائے گا اونوں شہر مدینہ بھلنا نئیں

دکھیوں کا غم خوار وہی ہے عالم کا مختار وہی ہے
ہے ہر اک بات قرینے میں اک درد رہے گا سینے میں
ہے جس کی جان مدینے میں اونوں شہر مدینہ بھلنا نئیں

رومیؒ حبشیؓ مصریؒ شامیؒ ہو چاہے مولانا جامیؒ
کوئی خاکی ہے کوئی نوری ہے کب اس کو گوارا دوری ہے
ہر عاشق کی مجبوری ہے اونوں شہر مدینہ بھلنا نئیں

سب کی آنکھیں ترس رہی ہیں سب کی نظریں برس رہی ہیں
جو آپ ﷺ کا سگ کہلاتا ہے جو آپ ﷺ کا صدقہ کھاتا ہے
وہ دیکھ کے طیبہ آیا ہے اونوں شہر مدینہ بھلنا نئیں

جنت پہ کیوں جی للچائے شہر مدینہ بھول نہ پائے
جو شہر نبی ﷺ کی راتیں ہیں جنت کی حسیں سوغاتیں ہیں
جسے یاد وہاں کی باتیں ہیں اونوں شہر مدینہ بھلنا نئیں

کون اس شہر کی بات سنائے خود قرآن قصیدے گائے
رحمت کے وہاں پر ریلے ہیں حسنین جہاں پر کھیلے ہیں
جس نے بھی دیکھے وہ میلے ہیں اونوں شہر مدینہ بھلنا نئیں

جب اُس شہر کی بات چلے گی ہجر کی کالی رات کٹے گی
جس آنکھ سے دریا بہتا ہے جس دل میں مدینہ رہتا ہے
ناصر کا دل یہ کہتا ہے اونوں شہر مدینہ بھلنا نئیں

☆☆☆

marfat.com

قصیدہ بردہ شریف

علامہ امام شرف الدین بوصیری

مَولایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِماً اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمٖ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ مُنْشِیِ الْخَلْقِ مِنْ عَدَمٖ
ثُمَّ الصَّلٰوۃُ عَلَی الْمُخْتَارِ فِی الْقِدَمٖ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمٖ

ھُوَالْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُہٗ
لِکُلِّ ھَوْلٍ مِّنَ الْاَھْوَالِ مُقْتَحِمٖ

نَبِیُّنَا الْاٰمِرُ النَّاھِیْ فَلَا اَحَدٌ
اَبَرَّ فِیْ قَوْلِ لَامِنْہُ وَلَا نَعَمٖ

فَاقَ النَّبِیِّیْنَ فِیْ خَلْقٍ وَفِیْ خُلُقٍ
وَلَمْ یُدَانُوْہُ فِیْ عِلْمٍ وَّلَا کَرَمٖ

یَا اَکْرَمَ الْخَلْقِ مَالِیْ مَنْ اَلُوْذُبِہٖ
سِوَاکَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمِمٖ

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِکَ الدُّنْیَا وَضَرَّتَھَا
وَمِنْ عُلُوْمِکَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمٖ

ثُمَّ الرِّضٰی عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ وَّعَنْ عُمَرَ
وَعَنْ عَلِیٍّ وَّعَنْ عُثْمَانَ ذِی الْکَرَمٖ

یَا رَبِّ بِالْمُصْطَفٰی بَلِّغْ مَقَاصِدَنَا
وَاغْفِرْلَنَا مَا مَضٰی یَا بَارِئَ النَّسَمٖ

marfat.com

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ
سب سے بالا و والا ہمارا نبی ﷺ
اپنے مولیٰ کا پیارا ہمارا نبی ﷺ
دونوں عالم کا دولہا ہمارا نبی ﷺ

جس کو شایاں ہے عرشِ خدا پر جلوس
ہے وہ سلطانِ والا ہمارا نبی ﷺ

بجھ گئیں جس کے آگے سبھی مشعلیں
شمع وہ لے کر آیا ہمارا نبی ﷺ

جس کے تلوؤں کا دھوون ہے آبِ حیات
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی ﷺ

عرش و کرسی کی تھیں آئینہ بندیاں
سوئے حق جب سدھارا ہمارا نبی ﷺ

خلق سے اولیاء اولیاء سے رسل
اور رسولوں سے اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

حسن کھاتا ہے جس کے نمک کی قسم
وہ ملیحِ دل آرا ہمارا نبی ﷺ

جس کی دو بوند ہیں کوثر و سلسبیل
ہے وہ رحمت کا دریا ہمارا نبی ﷺ

جیسے سب کا خدا ایک ہے ویسے ہی
ان کا اُن کا تمہارا ہمارا نبی ﷺ

marfat.com

قرنوں بدلی رَسولوں کی ہوتی رہی
چاند بدلی کا نکلا ہمارا نبی ﷺ

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی ﷺ

کیا خبر کتنے تارے کھلے چھپ گئے
پر نہ ڈوبے نہ ڈوبا ہمارا نبی ﷺ

ملک کونین میں انبیاء تاجدار
تاجداروں کا آقا ہمارا نبی ﷺ

لامکاں تک اُجالا ہے جس کا وہ ہے
ہر مکان کا اُجالا ہمارا نبی ﷺ

سارے اچھوں میں اچھا سمجھئے جسے
ہے اُس اچھے سے اچھا ہمارا نبی ﷺ

سارے اونچوں میں اونچا سمجھئے جسے
ہے اُس اونچے سے اونچا ہمارا نبی ﷺ

انبیاء سے کروں عرض کیوں مالکو !
کیا نبی ﷺ ہے تمہارا ہمارا نبی ﷺ

جس نے ٹکڑے کیے ہیں قمر کے وہ ہے
نورِ وحدت کا ٹکڑا ہمارا نبی ﷺ

جس نے مردہ دلوں کو دی عمر ابد
ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی ﷺ

غمزدوں کو رضؔا مژدہ دیجے کہ ہے
بے کسوں کا سہارا ہمارا نبی ﷺ

marfat.com

جو مدینے جاتے ہیں

خوش بخت ہے وہ انسان جو مدینے جاتے ہیں
بنتے ہیں تیرے مہمان جو مدینے جاتے ہیں

حُب داروں پر اک انعام ہے انعام قدرت کا
اس روضے کا دیدار ہے دیدار جنت کا

کیوں کریں نہ خود پر مان ہم مدینے جاتے ہیں
بنتے ہیں تیرے مہمان جو مدینے جاتے ہیں

وہ پاکیزہ ماحول اک جنت کا منظر ہے
ہے ان کی حفاظت میں خطرہ نہ کوئی ڈر ہے

ملتی ہے انہیں امان جو مدینے جاتے ہیں
بنتے ہیں تیرے مہمان جو مدینے جاتے ہیں

صلی علی نبینا صل علی محمد
صل علی شفعینا صل علی محمد

☆☆☆

marfat.com

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا

حمد باری تعالیٰ عزوجل

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا
زبان خاموش تھی دل محو التجاؤں میں تھا

غلاف خانہ کعبہ تھا میرے ہاتھوں میں
خدا سے عرض و گزارش کی انتہاؤں میں تھا

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خاموش تھی دل محو التجاؤں میں تھا

در کرم پہ صدا دے رہا تھا اشکوں سے
جو منتظر میں کھڑے تھے ان گداؤں میں تھا

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خاموش تھی دل محو التجاؤں میں تھا

حطیم میں میرے سجدوں کی کیفیت تھی عجب
جبیں زمیں پہ تھی ذہن کہکشاؤں میں تھا

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خاموش تھی دل محو التجاؤں میں تھا

بھڑک رہا ہے میرے ساز روح پر اب بھی
وہ ایک نغمہ جو لبیک کی صداؤں میں تھا

خوشا وہ دن حرم پاک کی فضاؤں میں تھا
زباں خاموش تھی دل محو التجاؤں میں تھا

مجھے یقین ہے میں پھر بلایا جاؤں گا
کہ یہ سوال بھی شامل میری دعاؤں میں تھا

marfat.com

اللہ نے پہنچایا سرکار ﷺ کے قدموں میں

اللہ نے پہنچایا سرکار ﷺ کے قدموں میں
صد شکر میں پھر آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

کچھ دیر سلامی کو ٹھہر آیا مواجبہ پر
پھر مجھ کو ادب لایا سرکار ﷺ کے قدموں میں

مجھ جیسا تہی داماں کوئی نذر تو لے جاتا
اک نعت سنا آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

ہر سال سلامی کو سرکار ﷺ طلب کیجئے
یہ عرض بھی کر آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

کچھ لمحے حضوری کے پائے تو یہ لگتا ہے
اک عمر گزار آیا سرکار ﷺ کے قدموں میں

کچھ کہنے سے پہلے ہی پوری ہو ہر خواہش
جو سوچا وہی پایا سرکار ﷺ کے قدموں میں

یاد آئی صبح اپنی ہر اک خطا مجھ کو
اعمال پہ شرمایا سرکار ﷺ کے قدموں میں

☆☆☆

marfat.com

المدینہ چل مدینہ

اشک غم دن رات پینا اس تمنا میں ہے جینا
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

در تمہارا پاک کر دے مرا یہ خاکی وجود
ہو کرم کہ آ کے پڑھ لوں اور پڑھوں تم پر درود
رحمت العالمین آج نہیں تو کل مدینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

جنتی ٹکڑے میں سجدے جب ادا ہو جائیں گے
ہم بھی گندے اور مندے پارس ہو جائیں گے
دل کو آئے گا قرینہ آج نہیں تو کل مدینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

ہوں شفاعت کا طالب مہر بخش کی لگا دو
اے مدینہ میں بلا کر دل کی تاریکی مٹا دو
ہو نور میرا سینا آج نہیں تو کل مدینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

جس کو محبوب خدا سے صدق دل سے پیار ہے
اس پہ مولا کا کرم ہے اس کا بیڑا پار ہے
ضرور پہنچے گا سفینہ آج نہیں تو کل مدینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

کوئی نیکی پاس مرے نہ عمل ہیں مصطفیٰ ﷺ
کالی چادر میں چھپا لو شافع روز جزا
آپ ہیں رب عزوجل کا زینہ آج نہیں تو کل مدینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

marfat.com

گر گناہوں پہ ہے نادان ہاتھ کو اپنے اٹھا
دے محمد ﷺ کا وسیلہ بخش دے رب خطا
پونچھ ماتھے کا پسینہ آج نہیں تو کل دینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

ماہ رمضان کی فضیلت تو مدینے جا کے دیکھ
اک انوکھا ہی مزا ہے اس مہینے جا کے دیکھ
آخری عشرہ شبینہ آج نہیں تو کل مدینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

تا قیامت دیس میرا یونہی پائندہ رہے
اس کا دشمن میرے آقا ﷺ یونہی شرمندہ رہے
المدد شاہ مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

ہر غلام مصطفیٰ کا آرزو کرنا سچا
یا خدا عابد کی تجھ سے سر جھکا کر التجا
دیکھ لے ہر چشم بینا آج نہیں تو کل مدینہ
المدینہ چل مدینہ آج نہیں تو کل مدینہ

☆☆☆

marfat.com

دلوں میں ہے دھڑکن نبی ﷺ کی ثناء سے

دلوں میں ہے دھڑکن نبی ﷺ کی ثناء سے
دو عالم رواں ہیں انہی کی عطا سے

نبی ﷺ کے وسیلے کشادہ ہیں راستے
ناطہ جڑا ہے میرا بھی خدا سے

بساؤ دلوں میں عقیدت کی دھڑکن
تعلق ہو سانسوں کا صل علیٰ سے

فروزاں ستارے ہیں کتنے فلک پر
ضیاء پار ہے ہیں سبھی مصطفیٰ سے

عمر عرض کرتا ہے ان سے مسائل
میرا گھر تو چلتا ہے ان کی رضا سے

☆☆☆

marfat.com

شہرِ مدینہ ایسا ہے

قدم نبی ﷺ کے جس نے چومے شہرِ مدینہ ایسا ہے
باغ خلا بھی جس پہ قرباں نبی ﷺ کا روضہ ایسا ہے

بھینی بھینی خوشبو جس کی گلشن دل کو مہکاتی ہے
خوشبوئے سرکار ﷺ سے سارا شہر مہکتا ہے

دل یہ چاہے دیکھتے جائیں دل افروز نظاروں کو
شہرِ نبی ﷺ کا دلکش منظر پیارا پیارا ایسا ہے

خلا اور کعبہ کو سب راہیں جس راستے سے جاتی ہے
میری سرکار ﷺ کے در کا ایک رستہ ایسا ہے

کوئی دکھا دو میرے نبی ﷺ سا جس کا نہ کوئی سایہ ہو
بے سایہ آقا ﷺ ہی میرا جگ میں یکتا ایسا ہے

ٹھوکر پہ رکھا ہے جس نے دنیا کی ہر شاہی کو
سرکار دو عالم ﷺ کا حافظ لگتا ایسا ہے

☆☆☆

marfat.com

میرا حسینؓ باغِ نبوت ﷺ کا پھول ہے

میرا حسینؓ باغ نبوت ﷺ کا پھول ہے
حیدرؓ کی اس میں جان اور خون بتولؓ ہے
تو ان کے در سے مانگ لے جو کچھ بھی جی کرے
مالک سبھی جہان کی آل رسول ﷺ ہے
گزرا جہاں جہاں سے نواسہؓ رسول ﷺ کا
اب تک وہاں خدا کے کرم کا نزول ہے
ایسی عظیم ذات ہے مولا حسینؓ کی
جس کیلئے حضور ﷺ کے سجدوں کو طول ہے
دنیا میں اور کون ہے شبیرؓ کے سوا
ایسا سوار جس کی سواری رسول ﷺ ہے
جس کیلئے یزید نے اتنے جتن کئے
وہ تاج تو حسینؓ کے قدموں کی دھول ہے

☆☆☆

طلع البدر علینا	وداع کی گھاٹیوں میں
من ثنیات الوداع	چاند نکلا چودھویں کا رحمتوں کا لے کے ہالہ
واجبت الشکر علینا	شکر ہے ہم پہ واجب
مادعا للہ داع	جب تلک دنیا رہے گا دعوت حق دینے والا
ایھا المبعوث فینا	نبی ﷺ وہ آیا ہم میں
جئت بالامر المطاع	اطاعت کے جو قابل اس کا پیغام اتنا اعلیٰ ہے

☆☆☆

marfat.com

خدائی رب کی نبی ﷺ کی رحمت

خدائی رب کی نبی ﷺ کی رحمت کہیں نہیں تھی کہاں نہیں ہے
زمین کا ایسا ہے کوئی گوشہ کہ جس جگہ آسماں نہیں ہے

وہ روشنی کا سفیر بھی ہے وہی سراج منیر بھی ہے
نبی ﷺ کی ذات اک دیا ہے ایسا کہ جس دیے میں دھواں نہیں

ہیں بے شمار آج مؤذن امام بھی ان گنت ہیں لیکن
امام کوئی رسول ﷺ جیسا بلالؓ جیسی اذان نہیں

پڑھو درود اور سلام بھیجو یہی طریقہ ہے رب کا لوگو
جو وقت ذکر نبی ﷺ میں گزرے وہ مول ہے رائیگاں نہیں ہے

خدائی رب کی نبی ﷺ کی رحمت کہاں نہیں تھی کہاں نہیں ہے
زمین کا ایسا کوئی ہے گوشہ کہ جس جگہ آسماں نہیں ہے

☆☆☆

marfat.com

لوٹے تیری خوشبو کے مزے

ہم اہل ثناء جب بھی گئے غار حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غار حرا میں

آتے نظر سامنے مینار حرم بھی
اللہ کو سجدے بھی کئے غار حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غار حرا میں

قرآن کا آغاز نزول ان پر ہوا جب
جبرائیل گلے لگ کے ملے غار حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غار حرا میں

ویسے تو بہاتا ہوں تیری یاد میں آنسو
انمول تھے جو اشک گرے غار حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غار حرا میں

میں آپ ﷺ کے قدموں کے نشان ڈھونڈ رہا تھا
اس فرش کے جب بوسے لئے غار حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غار حرا میں

حسان نے منبر پر کھڑے ہو کے پڑھی نعت
مقصود نے اشعار پڑھے غار حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غار حرا میں

ہم اہل ثناء جب بھی گئے غار حرا میں
لوٹے تیری خوشبو کے مزے غار حرا میں

☆☆☆

marfat.com

کوئی ہاتھ تھامے ہوئے

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

میں گھر سے چلا ہوں مدینہ نگر میں
کوئی ہاتھ تھامے ہوئے اے سفر میں

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

سوئے کہکشاں وہ کہا دیکھتے ہیں
مدینے کے ذرے ہوں جن کی نظر میں

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

میں ان کی کریمی کے قربان جاؤں
وہ رکھتے ہیں مجھ کو بھی اپنی نظر میں

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

درودوں کی سوغات دامن میں بھرلوں
سنا ہے وہ آئیں گے میری قبر میں

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

بلالے عمر کو پھر اپنے کرم سے
کہ نوکر تو جچتا ہے مالک کے گھر میں

مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ
مدینہ مدینہ مدینہ مدینہ

میں گھر سے چلا ہوں مدینہ نگر میں
کوئی ہاتھ تھامے ہوئے ہیں سفر میں

marfat.com

مدینہ چھوڑ کر جائیں گے کیسے

تڑپتے دل کو بہلائیں گے کیسے
مدینہ چھوڑ کر جائیں گے کیسے

اجازت کیسے لیں گے رخصتی کی
قدم اپنے اٹھا پائیں گے کیسے

ریاض الجنہ کا پرنور منظر
وطن میں ڈھونڈ کر لائیں گے کیسے

کہاں پر تھے کہاں پر آ گئے ہیں
کوئی پوچھے تو بتلائیں گے کیسے

تڑپتے دل کو بہلائیں گے کیسے
مدینہ چھوڑ کرجائیں گے کیسے

☆☆☆

marfat.com

محمد ﷺ کی عظمت کا دم بھرنے والا

محمد ﷺ کی عظمت کا دم بھرنے والا
میں ہوں یا علیؑ یا علیؑ کرنے والے

محمد ﷺ کی دنیا میں شان جلی ہے
محمد ﷺ کا دل بند مولا علیؑ ہے

علیؑ ہے محمد ﷺ پر مر مٹنے والا
محمد ﷺ کی عظمت کا دم بھرنے والا

محمد ﷺ نے شانوں پہ علیؑ کو بٹھایا
علیؑ مولا حق نے بتوں کو گرایا

علیؑ ہے بتوں پر ہی وار کرنے والا
محمد ﷺ کی عظمت کا دم بھرنے والا

علیؑ ہے محمد ﷺ کا سچا سپاہی
علیؑ نے ہی یہ بات سب کو بتائی

محمد ﷺ جہاں کی شفاعت کرنے والا
محمد ﷺ کی عظمت کا دم بھرنے والا

محمد ﷺ کی دنیا میں شان جلی ہے
محمد ﷺ کا دل بند مولا علیؑ ہے

علیؑ ہے محمد ﷺ پرمرمٹنے والا
محمد ﷺ کی عظمت کا دم بھرنے والا

☆☆☆

marfat.com

مانگتی ہوں تجھ سے بخشش

مانگتی ہوں تجھ سے بخشش اپنے ماں اور باپ کی
اپنے ماں اور باپ کی اور ان کے ماں اور باپ کی

گر لگے جو بھوک ان کو اے میرے پیارے خدا
کرنا بارش ان پر تو جنت کے میوہ جات کی
مانگتی ہوں تجھ سے بخشش اپنے ماں اور باپ کی

اگر لگے جو پیاس ان کو اے میرے پیارے خدا
آب کوثر سے مٹانا تشنگی اس پیاس کو
مانگتی ہوں تجھ سے بخشش اپنے ماں اور باپ کی
اپنے ماں اور باپ کی اور ان کے ماں اور باپ کی

☆☆☆

marfat.com

کھلا ہے سبھی کیلئے باب رحمت

کھلا ہے سبھی کیلئے باب رحمت وہاں کوئی رتبے میں ادنیٰ نہ اعلیٰ
مرادوں سے دامن نہیں کوئی خالی قطاریں لگائے کھڑے ہیں سوالی

میں پہلے پہل جب مدینے گیا تھا تو تھی دل کی حالت تڑپ جانے والی
وہ دربار اب تو میرے سامنے تھا ابھی تک تصور تھا جس کا خیالی

کھلا ہے سبھی کیلئے باب رحمت وہاں کوئی رتبے میں ادنیٰ نہ اعلیٰ
مرادوں سے دامن نہیں کوئی خالی قطاریں لگائے کھڑے ہیں سوالی

جو پوچھا ہے تم نے کہ میں نذر کرنے کو کیا لے گیا تھا تو تفصیل لو
حالاتوں کا اک حال اشکوں کے موتی درودوں کے گجرے سلاموں کی ڈالی

کھلا ہے سبھی کیلئے باب رحمت وہاں کوئی رتبے میں ادنیٰ نہ اعلیٰ
مرادوں سے دامن نہیں کوئی خالی قطاریں لگائے کھڑے ہیں سوالی

میں اک ہاتھ سے دل سنبھالے ہوئے تھا تو تھی دوسرے ہاتھ روضے کی جالی
دعا کیلئے ہاتھ اٹھتے تو کیسے نہ یہ ہاتھ خالی نہ وہ ہاتھ خالی

کھلا ہے سبھی کیلئے باب رحمت وہاں کوئی رتبے میں ادنیٰ نہ اعلیٰ
مرادوں سے دامن نہیں کوئی خالی قطاریں لگائے کھڑے ہیں سوالی

☆☆☆

marfat.com

بے خود کیے دیتے ہیں

بے خود کیے دیتے ہیں انداز حجابانہ
آ دل میں تجھے رکھ لوں اے جلوہ جاناناں

جی چاہتا ہے تحفے میں بھیجوں میں انہیں آنکھیں
درشن کا درشن ہو نذرانے کا نذرانہ

میری قسمت میں سجدے ہوں اسی در کے
چھوٹا ہے نہ چھوٹے گا سنگ درجانانہ

بس اتنا کرم کرنا اے ذات کریمانہ
جب جاں لبوں پر ہو تم سامنے آ جانا

جب تم نے مجھے اپنا دنیا میں بنایا ہے
تو محشر میں بھی کہہ دینا یہ ہے میرا دیوانہ

بے خود کیے دیتے ہیں انداز حجابانہ
آدل میں تجھے رکھ لوں آ جلوہ جاناناں

☆☆☆

marfat.com

صل اللہ یا محمد ﷺ تیرے ناز اٹھائے اللہ نے

صل اللہ یا محمد ﷺ تیرے ناز اٹھائے اللہ نے
تیرے ہی لئے اے پیارے نبی ﷺ کونین سجائے اللہ نے

آئے ہیں نبی لاکھوں لیکن سرکار ﷺ جیسا کوئی کب آیا
خود اپنے حبیب ﷺ کی آمد کے ہیں جشن منائے اللہ نے

ما اجملک تیری صورت ہے ما احسنک تیری سیرت ہے
ورفعنا لک ذکرک کہہ کر تیرے رتبے بڑھائے اللہ نے

پیارے نبی ﷺ کی محفل کو جو لوگ سجا کرتے ہیں
فردوس بریں میں ان کیلئے ہیں محل بنائے اللہ نے

قربان میں اپنے آقا ﷺ کے کیا شان ہے میرے آقا کی
جو ان کے گدا کہلاتے ہیں سلطان بنائے اللہ نے

صل اللہ یا محمد ﷺ تیرے ناز اٹھائے اللہ نے
تیرے ہی لئے اے پیارے نبی ﷺ کونین سجائے اللہ نے

☆☆☆

marfat.com

میں مدینے جاؤں گا

وہ دن آئیگا اک بار میں مدینے جاؤں گا
کرنے روضے کا دیدار میں مدینے جاؤں گا
جب بلوائیں گے سرکار میں مدینے جاؤں گا

شاہِ مدینہ رحمت عالم نبیوں کے سردار ﷺ
دیکھئے کب دکھلائیں اپنا نورانی دربار
میں تو کب سے ہوں تیار میں مدینے جاؤں گا

مجھ کو یقیں ہے کرم کریں گے آمنہؓ بی بی کے لعل
ان کو تو معلوم ہے واللہ میرے دل کے حال
کہتے ہیں یہ دل کے تار میں مدینے جاؤں گا

غوث و خواجہ لعل قلندر میرے سچے پیر
ان کی نسبت کا سرمایہ ہے میری جاگیر
وہ کر دیں گے بیڑہ پار میں مدینے جاؤں گا

کیا غم ہے جو جکڑے ہوئے دوری زنجیر
مل جائے گی مجھ کو میرے خوابوں کی تعبیر
جس دن چاہیں گے سرکار ﷺ میں مدینے جاؤں گا

☆☆☆

marfat.com

جلوے دیکھو طور کے

جلوے دیکھو طور کے روضے پہ حضور ﷺ کے
گنبد پہ ہریالی ہے اور سنہری جالی ہے
صلی اللہ سبحان اللہ صلی اللہ سبحان اللہ
صلی اللہ سبحان اللہ صلی اللہ سبحان اللہ

رحمت کی برسات ہوتی ہے دن رات
گائے گا دل جھوم کے نظر سجا لو چوم کے
ہم خاک بہا کے لائیں گے آنکھوں سے لگائیں گے
رہنے والے دور کے خدمت میں حضور ﷺ کے
دامن اپنا خالی ہے اور سنہری جالی ہے
صلی اللہ سبحان اللہ صلی اللہ سبحان اللہ

نظریں دیکھ حسرت کی دیکھو مدینہ جائیں گے
چاہے مدینہ کے روضے سے لوٹ کیسے آئیں گے
دیکھ دیکھ کہ پیارا گنبد اپنا دل بہلائیں گے
جلوے صدقے نور کے قدموں میں حضور ﷺ کے
اور یہ شان عالی ہے کاندھے پر کملی کالی ہے
صلی اللہ سبحان اللہ صلی اللہ سبحاں اللہ

☆☆☆

marfat.com

سوئے طیبہ جانے والو

سوئے طیبہ جانے والو مجھے چھوڑ کر نہ جانا
میری آنکھ کو دکھا دو شہ دیں کا آستانہ

ہیں وہ جالیاں سنہری میری حسرتوں کا محور
وہ سنبھالا مجھ کو دیں گے جو ہیں خاص رب کے دلبر
مجھے پہنچ کر مدینہ نہیں لوٹ کر ہے آنا

میں تڑپ رہا ہوں تنہا میری بے بسی تو دیکھو
میں امیر رنج و غم ہوں میری بے کلی تو دیکھو
ذرا روضۂ نبی ﷺ کا مجھے راستہ دکھانا

مجھے پھر کرم سے ان کے نئی زندگی ملے گی
کوئی کل کا ایک پل کا نہیں کچھ بھی ہے بھروسہ
مجھے ہم سفر بنا لو کہیں رہ نہ جاؤں پیاسا

سوئے طیبہ جانے والو مجھے چھوڑ کر نہ جانا
میری آنکھ کو دکھا دو شہہ دین کا آستانہ

☆☆☆

marfat.com

غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں

غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں
غلامیٔ رسول ﷺ میں تو موت بھی قبول ہے
جو ہو نہ عشق مصطفیٰ ﷺ تو زندگی فضول ہے

پڑھیں درود آپ ﷺ پر ملی زباں اسی لئے
فدا ہو اس کے دین پر ہے تن میں جان اسی لئے
جو اس کے واسطے نہیں وہ زندگی فضول ہے
غلامیٔ رسول ﷺ میں تو موت بھی قبول ہے

کرم ہے خاص رب کا یہ ملی ہیں ان کی رحمتیں
ہیں اس کے پاک نام سے ہماری کیسی نسبتیں
ہم اس کی امت آخری وہ آخری رسول ﷺ ہیں
غلامیٔ رسول ﷺ میں تو موت بھی قبول ہے

ڈھلا ہے اس کے رنگ میں قریب اس کے جو گیا
ملا ہے جو ایک بار اسے غلام اس کا ہو گیا
وہ ایسا خوش بیان ہے وہ ایسا خوش اصول ہے
غلامیٔ رسول ﷺ میں تو موت بھی قبول ہے

چل اس کے شہر کی طرف یہ دل اگر اداس ہے
بہشت اس کے روضے ہی کی جالیوں کے پاس ہے
خدا کی خاص رحمتوں کا اس جگہ نزول ہے
غلامیٔ رسول ﷺ میں تو موت بھی قبول ہے

غلام ہیں غلام ہیں رسول ﷺ کے غلام ہیں
غلامیٔ رسول ﷺ میں تو موت بھی قبول ہے

marfat.com

میں سجدہ کروں یا کہ دل کو سنبھالوں

میں سجدہ کروں یا کہ دل کو سنبھالوں محمد ﷺ کی چوکھٹ نظر آ رہی ہے
اسی بے خودی میں کہیں کو نہ جاؤں تڑپ کملی ﷺ والے کی تڑپا رہی ہے

دو عالم کا داتا ﷺ میرے سامنے ہے وہ کعبے کا کعبہ میرے سامنے ہے
ادا کیوں نہ فرض محبت کروں میں خدا کی خدائی جھکی جا رہی ہے

گلے میں ہیں زلفیں تو نیچے نگاہیں نظر چومتی ہے مدینے کی راہیں
فرشتے بھی بڑھکر قدم چومتے ہیں محمد ﷺ کی جوگن چلی آ رہی ہے

فقیری کا مجھ میں نہیں سلیقہ نہ آتا ہے کچھ مانگنے کا طریقہ
ادھر بھی نگاہ کرم کملی ﷺ والے زمانے کی جھولی بھری جا رہی ہے

فرشتو سر راہ آنکھیں بچھا دو اٹھو بہر تعظیم سر کو جھکا دو
خدا کہہ رہا ہے میرے دلربا کی وہ دیکھو سواری چلی آ رہی ہے

یہ جذبہ محبت ہے رحمت کی چوکھٹ میرے سامنے مصطفیٰ ﷺ کی ہے چوکھٹ
مجھے یوں نہ ہو ناز قسمت پہ مسلم محبت کہاں کی کہاں لا رہی ہے

☆☆☆

marfat.com

ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار ﷺ کا مدینہ

ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار ﷺ کا مدینہ
کیا خوب مہکا مہکا سرکار ﷺ کا مدینہ

جس کو پسند آیا سرکار ﷺ کا مدینہ
مل کر لگائیں نعرہ سرکار ﷺ کا مدینہ

ہر شہر سے ہے اچھا سرکار ﷺ کا مدینہ
جنت سے بھی سہانا سرکار ﷺ کا مدینہ

بے کس کا سہارا سرکار ﷺ کا مدینہ
بے گھر کا ہے ٹھکانہ سرکار ﷺ کا مدینہ

ہر سمت رحمتوں کی برسات ہو رہی ہے
ہے رحمتوں کا دریا سرکار ﷺ کا مدینہ

پیرس پر لانے والے پیرس کو بھول جانا
تو بھی جو دیکھ لینا سرکار ﷺ کا مدینہ

پھولوں کو چومتا ہوں کانٹوں کو چومتا ہوں
لگتا ہے میٹھا میٹھا سرکار ﷺ کا مدینہ

جی چاہتا ہے میرا ہر شے یہاں کی چوموں
کیسا ہے میٹھا میٹھا سرکار ﷺ کا مدینہ

جنت میں تیری رضواں سوز و گداز بھی ہے
ہے عشق میں رلاتا سرکار ﷺ کا مدینہ

اللہ مصطفٰی کے قدموں میں موت دے دے
مرض ہے ہمارا سرکار ﷺ کا مدینہ

تقدیر میں خدایا عطار کا مدینہ
لکھ دے فقط مدینہ سرکار ﷺ کا مدینہ

marfat.com

عجب رنگ پر ہے بہار مدینہ

عجب رنگ پر ہے بہار مدینہ
کہ سب جنتیں ہیں نثار مدینہ

مبارک رہے عندلیبو! تمہیں گل
ہمیں گل سے بہتر ہے خار مدینہ

مری خاک یا رب نہ برباد جائے
پس مرگ کر دے غبار مدینہ

ادب سیکھو رضوان یہ جنت نہیں ہے
چلو سر کے بل ہے یہ کوئے مدینہ

جدھر دیکھے باغ جنت کھلا ہے
نظر میں ہیں نقش و نگار مدینہ

ملائک لگاتے ہیں آنکھوں میں اپنی
شب و روز خاک مزار مدینہ

دو عالم میں بٹتا ہے صدقہ یہاں کا
ہمیں اک نہیں ریزہ خوار مدینہ

شرف جن سے حاصل ہوا انبیاء کو
وہی ہیں حسنؔ افتخار مدینہ

☆☆☆

marfat.com

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِ علیٰ کہتے کہتے

جو اٹھوں تو کہتا اٹھوں یا محمد ﷺ
جو بیٹھوں تو صلِ علیٰ کہتے کہتے

کٹے عمر یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
قضا آئے صلِ علیٰ کہتے کہتے

جئیں مصطفیٰ ﷺ مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
مریں ہم تو صلِ علیٰ کہتے کہتے

اک آئینہ حق نما بن گیا دل
تیرے حسن کو حق نما کہتے کہتے

وہ کہہ دیتے اک بار حافظ کو اچھا
برا کہنے والے برا کہتے کہتے

☆☆☆

marfat.com

جتنا دیا سرکار ﷺ نے مجھ کو

جتنا دیا سرکار ﷺ نے مجھ کو اتنی میری اوقات نہیں
یہ تو کرم ہے ان کو ورنہ مجھ میں تو ایسی بات نہیں

تو بھی وہیں پر آ جس در پہ سب کی بگڑی بنتی ہے
ایک تیری تقدیر بنانا ان ﷺ کیلئے کچھ بات نہیں

عشق شہ ﷺ بطحا سے پہلے مفلس و خستہ حال تھا میں
نام محمد ﷺ کے قرباں اب وہ میرے حالات نہیں

ذکر نبی ﷺ میں جو دن گزرے وہ دن ان سے بہتر ہے
یاد نبی ﷺ میں رات جو گزرے اس سے بہتر رات نہیں

غور تو کر سرکار ﷺ کی تجھ پر کیسی خاص عنایت ہے
کوثر تو ہے ان کا ثنا خواں پھر معمولی بات نہیں

☆☆☆

marfat.com

میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں

میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں
خدا کب بلائے گا مجھے اپنے گھر میں
میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں
میرے سامنے وہ کعبہ کی چوکھٹ
وہ رکن یمانی وہ میزاب رحمت
میں صحن حرم میں کروں جا کے سجدہ
میرے سامنے ہو وہ گنبد خضریٰ
وہ روضے کی جالی وہ جنت کا گوشہ
کبھی چوم لوں جا کے خاک مدینہ
نہیں ہے بھروسہ کوئی زندگی کا
اسی کو خبر ہے میری زندگی کی
بلائے گا مجھ کو وہ مرنے سے پہلے
میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں
میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں
میں مدت سے اس آس پر جی رہی ہوں

☆☆☆

marfat.com

مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ

فرشتوں کی سلامی دینے والی فوج پڑتی تھی
جناب آمنہ سنتی تو یہ آواز آتی تھی
رب سلم علی رسول اللہ ﷺ مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ
رب سلم علی رسول اللہ ﷺ مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ
آپ کو آمنہ مبارک ہو نور سے گھر سجا مبارک ہو
آئے نورانی رسول اللہ ﷺ مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ
کاش پہنچاؤں میں اُن پر درود و سلام
تیرے روضے پہ یا رسول اللہ ﷺ مرحبا یا رسول اللہ ﷺ
جشن میلاد سما دیکھو نور ہی نور ہے جہاں دیکھو
آ گئے مصطفیٰ رسول اللہ ﷺ مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ
نام لب پہ نبی کا آتا ہے مشکلوں سے ہمیں بچاتا ہے
سب کے مشکل کشا رسول اللہ ﷺ مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ
جن کے گھر پہ حضور ﷺ آتے ہیں رحمتیں وہ خدا کے پاس ہیں
ہے حبیب خدا رسول اللہ ﷺ مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ
بات میراں کی بھی بن جائے رات دن آپ کے ہی گن گائے
ہے میری التجاء رسول اللہ ﷺ مرحبا مرحبا یا رسول اللہ ﷺ

☆☆☆

marfat.com

رُباعی

لیکے چنی جد پیار دے دیس جاواں
ہر اک حور مینوں تکن آئی ہووے

جدوں پیاری تکے تے خوش ہو جائے
ایسی رنگت دے وچ صفائی ہووے

جگمگا اٹھے گھر دا گھر میرا
ایسی چنی دی ایسی رشنائی ہووے

غرض کی پیاری نظر اندر
میری شان تے قدر سوائی ہووے

رہواں ہر ویلے پیا دے ڈوچ قدماں
میری ایہو جئی تیز برات ہووے

کوئی مشکل وی آوے نہ پیش حافظ
ہر مشکل تھیں میری نجات ہووے

لجپال مدینہ

رہندا وچہ خیال مدینہ دیکھاں میں ہر سال مدینہ
انشاء اللہ جنت وچہ وی جانا سوہنے نال مدینہ
جیویں دل سینے وچہ دھڑکے ہے بس ایہو مثال مدینہ
پاک نبی لجپال دا صدقہ بن گیا اے لجپال مدینہ
جیہڑے جان نبی ﷺ دے در تے کر دا استعمال مدینہ
دل تے جتے ہون پرائے لاہ چھڈ دا زنگال مدینہ
محشر تیکر ویکھ نہیں سکدا کوئی دی دجال مدینہ
ناصر ہر دم جیدا جیدا میرا ہر ہر وال مدینہ

صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی

صدائیں درودوں کی آتی رہیں گی میرا سن کے دل شاد ہوتا رہے گا
خدا اہلسنّت کو آباد رکھے محمد ﷺ کا میلاد ہوتا رہے گا

محمد ﷺ حق اسم گرامی ہمیں جان، دل سے پیارا ہے یہ نام نامی
وسیلہ رومی "وظیفہ جامیؒ" یہی نام ہے یاد ہوتا رہے گا

سکون دل و جان خیال نبی ﷺ ہے نگاہوں کا مرکز جمال نبی ﷺ ہے
جسے آرزو وصال نبی ﷺ ہے وہ دل غم سے آزاد ہوتا رہے گا

گلوں کو تبسم رُخ والضحیٰ سے وجود گلستان دم مصطفیٰ ﷺ سے
وہ گلشن نہیں ہے جہاں وہ نہیں ہے وہ خالی ہے برباد ہوتا رہے گا

گدا ہے جو شاہ امم کی گلی کا اسے کوئی طعنہ نہ دے مفلسی کا
وہ اجڑا نہیں ہے کرم ہے سخی کا حقیقت میں آباد ہوتا رہے گا

نوائے ظہوری ثنائے نبی ﷺ ہے مرادین و ایمان رضائے نبی ﷺ ہے
جو محروم لطف و عطائے نبی ﷺ ہے وہ ناکام و ناشاد ہوتا رہے گا

☆☆☆

marfat.com

لَمْ یَاْتِ نَظِیْرُکَ فِیْ نَظَرٍ

لَمْ یَاْتِ نَظِیْرُکَ فِیْ نَظَرٍ مثلِ تو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سر سو ہے تجھ کو شہ دوسرا جانا

اَلْبَحْرُ عَلَا وَالْمَوْجُ طَغٰی من بے کس وطوفاں ہوشربا
منجدھار میں ہوں بگڑی ہے ہوا موری نیا پار لگا جانا

یَا شَمْسُ نَظَرْتِ اِلٰی لَیْلِیْ چو بطیبہ رسی عرضے بکنی!
توری جوت کی جھل جھل جگ میں رچی مری شب نے نہ دن ہونا

لَکَ بَدْرٌ فِی الْوَجْهِ الْاَجْمَلْ خط ہالۂ مہ زلف ابر اجل
تورے چندن چندر پروکنڈل رحمت کی بھرن برسا جانا

اَنَا فِیْ عَطَشٍ وَّسَخَاکَ اَتَمّ اے گیسوئے پاک اے ابر کرم
برسن ہارے رم جھم رم جھم دو بوند ادھر بھی گرا جانا

یَا قَافِلَتِیْ زِیْدِیْ اَجَلَکْ رحمے برحسرتِ تشنہ لبک
مورا جیرا لرجے درک درک طیبہ سے ابھی نہ سنا جانا

وَاھاً لِسُوَیْعَاتٍ ذَھَبَتْ آں عہد حضورِ بار گہت
جب یاد آوت موہے کر نہ پرت دردا وہ مدینے کا جانا

اَلْقَلْبُ شَجٍ وَّالْھَمُّ شَجُوْں دل زار چناں جاں زیر چنوں
پت اپنی بپت میں کاسے کہوں مورا کون ہے تیرے سوا جانا

اَلرُّوْحُ فِدَاکَ فَزِدْ حَرْقًا یک شعلہ دگر برزن عشقا
مورا تن من دھن سب پھونک دیا یہ جان بھی پیارے جلا جانا

بس خامۂ خامِ نوائے رضا نہ یہ طرز مری نہ یہ رنگ مرا
ارشاد احبا ناطق تھا ناچار اس راہ پڑا جانا

☆☆☆

marfat.com

جھولے جھولے پیارے آقا ﷺ

جھولے جھولے پیارے آقا ﷺ نور کے جھولے میں جھولے
دائی حلیمہؓ جھولا جھولائے پیارے محمد ﷺ جھولے

ان کا جھولا رحمتوں والا
فرش سے بالا عرش سے اعلیٰ
کہتا ہے یہ جھولانے والا
ساقیِ کوثر جھولے

آمنہؓ بی بی کا وہ جایا
دائی حلیمہؓ کے گھر آیا
قدسیوں نے مل کر گایا
شافعِ محشر جھولے

چاند ستاروں سے کھیلنے والے
الٹا سورج پھیرنے والے
رب کا جلوہ دیکھنے والے
دین کے سردار ﷺ جھولے

آقا ﷺ کے سب ناز اٹھائیں
صدقے جائیں واری جائیں
حورو ملائک مل کر گائیں
خضر کے رہبر جھولے

آقا ﷺ آئے خوشیاں لائے
دونوں جہاں پر کرم کے سائے

marfat.com

جبرائیل بھی جھولا جھولائے
خلق کے دلبر جھولے
بے کس اور بے بس کے محسن
دونوں جہاں کے وہ ہیں محسن
غیب سے آئی ندا یہ محسن
نور کے پیکر جھولے

☆☆☆

یارب اپنی طاقت یا جاندا میں

یا رب اپنی اپنی طاقت پا جاندا میں
شہر مدینہ سرتے چک کے پاکستان جے آجاندا میں
نالے فیر گھر گھر اعلان میں کردا
آ کے نوری خزینہ دیکھو
ویڑے دی ہن لوڑ نہیں
بس رج رج شہر مدینہ دیکھو

☆☆☆

جب مدینے کی بات ہوتی ہے
رقص میں کائنات ہوتی ہے
حُسن ہوتا نہیں حسینوں میں
ان کے رُخ کی زکوۃ ہوتی ہے

☆☆☆

marfat.com

صلی اللہ علیک یا محمد ﷺ

صلی اللہ علیک یا محمد تیرے ناز اٹھائے اللہ نے
تیرے ہی لئے اے پیارے نبی ﷺ کونین سجائے اللہ نے

ایمان تمہاری الفت ہے قرآن تمہارا چہرہ ہے
وہ دل جس میں تم بستے ہو کعبے بنائے اللہ نے

معراج کی شب کے دولہا ہو یہ شرف کسی کو مل نہ سکا
مہمان بنایا اور اپنے ہی جلوے دکھائے اللہ نے

ہم جیسے گنہگاروں کیلئے اب تیرا سہارا باقی ہے
تیرے ہی وسیلے کے صدقے ہیں ڈوبے ترائے اللہ نے

جو آپ ﷺ سے آقا ﷺ دور ہوئے وہ قربِ الٰہی پا نہ سکے
جو تم نے بنائے ہیں اپنے وہ اپنے بنائے اللہ نے

ہے مہک پسینے سے آئی اور جسم ہے آپ ﷺ کا بے سایہ
دربار جنت پر آقا ﷺ تیرے لکھائے اللہ نے

آدم سے پچ تک نبیوں نے جو پایا تمہیں سے پایا ہے
نبیوں کو تمہاری عظمت کے ہیں شان بنائے اللہ نے

☆☆☆

marfat.com

مدینے دیاں پاک گلیاں

سارے جگ نالوں لگدیاں چنگیاں مدینے دیاں پاک گلیاں
رہیاں مہک جیویں جنت دیاں کلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

انہاں گلیاں توں تن من واریئے کریئے سجدے تے شکر گزاریئے
ایتھے نوردیاں سچیاں نے ٹھلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

ایہناں گلیاں چہ رہیا سوہنا پھردا سانوں دیکھنے دا جا بڑے چڑدا
ایتھے لگیاں میرے نبی ﷺ دیاں تلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

ابر رحمتاں دے سدا او تھے وسدے جاندے روندے تے آوندے نیں ہسدے
رل ویکھنے نوں سیاں نہیں چلیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

انہاں گلیاں نو جیہڑے دیکھ آوندے او تے جنتاں نوں ہین بُھل جاوندے
تر گئے جنہاں نے تک لیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

پاوے انہاں گلیاں دا دیدار جو ہو جاوے رحمت دا حقدار اوہ
تر گئے جنہاں نے تک لیاں مدینے دیاں پاک گلیاں

☆☆☆

marfat.com

اللہ دے حبیب ﷺ نال پیار ہونا چاہیدا

اکو ای حیاتی دا معیار ہونا چاہیدا
اللہ دے حبیب ﷺ نال پیار ہونا چاہیدا

سانوں یار غار نے دسیا اے دوستو
سب کچھ سوہنے تو نثار ہونا چاہی دا

اکو ای تمنا سی صدیقؓ تے فاروقؓ دی
یار نال یار دا مزار ہونا چاہی دا

حسنؓ تے حسینؓ اتوں جند جان وار کے
علیؓ دے غلاماں چہ شمار ہونا چاہی دا

آقا ﷺ جدوں یاد کرو اپنے غلاماں نوں
ساڈا وی غلاماں چہ شمار ہونا چاہی دا

سوہنیا جیہڑے تیرے نام دیاں محفلاں سجاندے نے
اوہناں بیلیاں دا بیڑا پار ہونا چاہی دا

لباں تے نیازیؔ ہووے ساہ جدوں آخری
اوس ویلے سوہنے ﷺ دا دیدار ہونا چاہی دا

☆☆☆

marfat.com

در مصطفیٰ ﷺ دی گدائی

در مصطفیٰ ﷺ دی گدائی بڑی اے
اساڈے لئی ایہہ کمائی بڑی اے
نبی پاک ﷺ دی رہنمائی بڑی اے
ضروری تے نہیں شور پایا کے منگیے
اوتھے چپ چپیتی دوہائی بڑی اے
اسیں چن تے سورج تے کیہ کرناجاکے
در مصطفیٰ ﷺ تک رسائی بڑی اے
تو چُم چُم پیا صاف کر کوچے گلیاں
جے ہو جاوے دل دی صفائی بڑی اے
بجھا دینا واں میں سرشام دیوے
تیری نعت دی روشنائی بڑی اے
بوہا مصطفیٰ ﷺ دا خدا دا ہے بوہا
ایہہ گل ذہن اندر سی کی بڑی اے

سلامت رہوے عشق سوہنے نبی ﷺ دا
ایہہ دولت ہی ناصر نوں بھائی بڑی اے

☆☆☆

marfat.com

کرم دا جدوں تک اشارہ نہیں ہوندا

کرم دا جدوں تک اشارہ نہیں ہوندا
اساڈے جیہاں دا گزارا نہیں ہوندا
کسے ہور دے آسے پاسے جو گھمے
سیارہ تے ہے اوہ ستارہ نہیں ہوندا
ذرا سوچ کے عشق دریا چہ اتریں
میں سنیاں ایں اس دا کنارہ نہیں ہوندا
اوہدا دین ہوندا مکمل نہیں ہر گز
جنہوں سوہنا ہر شے توں پیارا نہیں ہوندا
اوہ جتھے وی جاوے اوہنوں چین چھتر
جنہوں مصطفیٰ ﷺ دا سہارا نہیں ہوندا
در مصطفیٰ ﷺ توں جو چاہویں تو منگ لے
نقد اوتھوں لبھدا اے کارہ نہیں ہوندا
جدوں تیک سوہنے دا لنگر نہ کھایئے
اساڈا تے منہ وی قرارا نہیں ہوندا
